# 12-10-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ چیف منسٹر ریونت ریڈی نے کہا ہے کہ سری رام ساگر پروجیکٹ کے دوسرے مرحلہ کو رام ریڈی دامودھر ریڈی پروجیکٹ کا نام دیا جائے گا۔

۲۔ ریاستی وزیر پنگولیٹی سرینواس ریڈی نے کہا کہ ریاست میں گزشتہ دوسال کے دوران چار لاکھ پچاس ہزار اندراماں مکانات استفادہ کنندگان کے حوالہ کیئے گئے۔

۳۔ ریاستی وزیر آبپاشی اتم کمار ریڈی نے کہا ہے کہ ریاست میں دریاؤں کے پانی کے استعمال کے معاملہ میں قطعی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔

اور

۴۔ حیدرآباد کے محکمہ موسمیات نے ریاست میں اگلے چار دنوں تک بارش کی پیش قیاسی کی ہے۔

Supreme Court GO9

ریاست میں مجالس مقامی انتخابات میں بی سی طبقہ کو 42 فیصد تحفظات فراہم کرنے سے متعلق جاری کردہ جی او 9 پر ہائی کورٹ کی جانب سے حکم التوأ جاری کرنے کے تناظر میں ریونت ریڈی حکومت نے سپریم کورٹ سے رجوع ہونے کا فیصلہ کیا ہے۔ اس سلسلہ میں کل ریاستی حکومت کی جانب سے درخواست داخل کی جائے گی۔ ریاستی وزیر پونم پربھاکر، واکاٹی شری ہری اور پی سی سی کے صدر مہیش کمار گوڑ کل دہلی روانہ ہوں گے۔

Teachers Foreign Visit

گورنمنٹ ٹیچرس اور ہیڈ ماسٹرس کیلئے ریاستی حکومت نے بین الاقوامی اکسپوژر نمائش علمی تبادلہ کے پروگرام کا اعلان کیا ہے۔ جاریہ سال اکتوبر اور نومبر کے مہینوں میں سنگاپور، فن لینڈ، ویتنام اور جاپان

ممالک کا اساتذہ دورہ کریں گے۔ ان ممالک میں نافذ العمل تعلیمی پالیسی، اسکولس کی سہولیات اور تدریسی طریقہ کار کا جائزہ لیا جائے گا۔ بیرون ملک دورہ کیلئے ہر ضلع سے تین اساتذہ کا ضلع کلکٹرس انتخاب کریں گے۔تقریباً160 اساتذہ کو چار مرحلوں میں بیرون ملک روانہ کیا جائے گا۔

WEATHER

حیدرآباد کے محکمہ موسمیات نے ریاست میں اگلے چار دنوں تک بارش کی پیش قیاسی کی ہے۔بعض علاقوں میں موسلا دھار بارش کا امکان ظاہر کیا گیا ہے۔اگلے چوبیس گھنٹوں کے دوران بھدرادری کوتہ گوڑم، نلگنڈہ،سوریہ پیٹ، کرنول، ونپرتی، نارائن پیٹ اور جوگولامبا اضلاع میں شدید سے شدید بارش کا امکان ہے۔

Indiramma House

ریاستی وزیر پنگولیٹی سرینواس ریڈی نے کہا ہے کہ ریاست کے تمام اہل افراد کیلئے مرحلہ واری طور پر اندراماں مکانات منظور کئے جائیں گے۔ انہوں نے آج کھمم ضلع کا دورہ کیا۔وینکٹ گری میں بی ٹی روڈ کی تعمیر کا سنگ بنیاد رکھا گیا۔ریاستی وزیر نے کہا کہ حکومت کی جانب سے ترقیاتی اورفلاحی کام یکساں طور پر جاری ہیں اوران کی حکومت تلنگانہ کی جامع ترقی کیلئے اقدامات کررہی ہے۔پنگولیٹی نے بتایا کہ ریاست میں کانگریس کے اقتدار میں آنے کے بعد سے چار لاکھ پچاس ہزار اندراماں مکانات استفادہ کنندگان کے حوالہ کئے گئے۔انہوں نے تنقید کرتے ہوئے کہا کہ سابق حکومت نے ڈبل بیڈروم مکانات کی اسکیم میں مکمل طور پرلاپرواہی برتی تھی۔

Revanth Reddy - SRPS

چیف منسٹر ریونت ریڈی نے کہا ہے کہ سری رام ساگر پروجیکٹ کے دوسرے مرحلہ کورام ریڈی دامودھر ریڈی پروجیکٹ کا نام دیا جائے گا۔سوریہ پیٹ ضلع میں انہوں نے تونگاترتی میں رام ریڈی دامودھر

ریڈی سے متعلق ایک یادگار تقریب میں شرکت کی۔ ریونت ریڈی نے بتایا کہ دریائے گوداوری کا پانی ضلع نلگنڈہ میں بہنے کی وجہ رام ریڈی دامودھر ریڈی ہیں۔ چیف منسٹر نے بتایا کہ تونگاترتی حلقہ کی ترقی کیلئے انہوں نے کافی جدوجہد کی اور کانگریس پارٹی کو مضبوط بنانے میں ان کا رول ناقابل فراموش ہے۔

KTR

بی آر ایس کے کارگزار صدر تارک راما راؤ نے پارٹی حامیوں سے اپیل کی کہ وہ جوبلی ہلز ضمنی انتخاب میں کانگریس پارٹی کو شکست سے دوچار کرنے کے لئے جدوجہد کریں۔ انہوں نے کہا کہ کانگریس کو اقتدار میں آئے ہوئے دوسال کا عرصہ گزر چکا ہے اور آج بھی سابق چیف منسٹر چندر شیکھر راؤ کو ہی تنقید کا نشانہ بنایا جارہا ہے۔ کے ٹی آر نے کہا کہ چھ ضمانتوں کے علاوہ کئی وعدے کرتے ہوئے اقتدار پر آنے والی ریونت ریڈی حکومت ان پر عمل آوری کی کوشش بھی نہیں کررہی ہے۔

Uttam Kumar Reddy

ریاستی وزیر آبپاشی اتم کمار ریڈی نے کہا ہے کہ ریاست میں دریاؤں کے پانی کے استعمال کے معاملہ میں قطعی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ آبی حقوق کیلئے ان کی جدوجہد جاری رہے گی۔ وزیر آبپاشی نے بتایا کہ تومڑی ہٹی، ڈی پی آر تیار کرکے بیارتج کی تعمیر کی جائے گی۔ انہوں نے ہریش راؤ پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ وہ غلط بیانی سے کام لیتے ہوئے حکومت کے وقار کو متاثر کرنے کی کوشش کررہے ہیں۔

Gaddam vivek

ریاستی وزیر جی وویک نے کہا ہے کہ کالیشورم پروجیکٹ میں اراضیات سے محروم متاثرین کے نقصان کی بھرپائی کی جائے گی۔ انہوں نے چنور میں اپنے کیمپ آفس میں کوٹہ پلی منڈل بیر اچیلا کہ، دیولہ واڑہ مواضعات کے کسانوں کے ساتھ منعقدہ تقریب میں ضلع کلکٹر کمار دیپک کے ساتھ شرکت کی۔

ریاستی وزیر نے کہا کہ سابق حکومت کے کالیشورم پروجیکٹ کی وجہ سے بیک واٹر کے باعث کھیت اور بعض رہائشی علاقے متاثر ہوئے جس کی وجہ سے عوام کو نقصان ہوا۔ ریاستی وزیر نے بتایا کہ نقصان کی ادائیگی کیلئے 10 کروڑ روپے مختص کئے گئے ہیں۔ ابتداء میں حقیقی پٹہ داروں اور کسانوں کی نشاندہی کرتے ہوئے انہیں امداد فراہم کی جائے گی۔

Sound Byte.

Cotton

ریاستی وزیر زراعت تو ملا ناگیشور راؤ نے عہدیداروں کے ساتھ کپاس کے حصول سے متعلق ایک جائزہ اجلاس طلب کیا۔ سی سی آئی کی جانب سے طلب کردہ ٹیکنیکل ٹنڈرس کی معیاد کل ختم ہوئی۔ یہ بات عہدیداروں نے ریاستی وزیر کے علم میں لائی۔ انہوں نے ٹنڈر کا عمل مکمل ہونے کے بعد متعلقہ جننگ ملس کی فہرست سے ضلع کلکٹر کو واقف کروانے اور ان ملس کو کپاس کی خریداری کے مراکز کے طور پر نوٹیفائی کرنے کی عہدیداروں کو ہدایت دی۔

gurukul Jobs

ریاستی حکومت نے تلنگانہ سوشل ویلفیر ریسیڈنشل ایجوکیشنل انسٹی ٹیوشن سوسائٹی کے تحت خدمات انجام دینے والے ملازمین کی سرویس میں مزید ایک سال کی توسیع کی ہے۔ ریاستی وزیر اڈلوری لکشمن کمار نے بتایا کہ چار ہزار 92 گروکل اساتذہ کی خدمات کی بحالی اس بات کی واضح مثال ہے کہ تلنگانہ حکومت عوامی فلاح و بہبود کیلئے سنجیدہ ہے۔ انہوں نے بتایا کہ گروکل سوسائٹی کے ملازمین کے لئے انصاف کو یقینی بنانے کے مقصد سے انسانی بنیادوں پر یہ فیصلہ لیا گیا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ یہ صرف انتظامی امور سے متعلق فیصلہ نہیں بلکہ ملازمین کی زندگی میں روشنی لانے والا عوامی فلاح سے متعلق فیصلہ ہے۔ انہوں نے ملازمین کو مشورہ دیا کہ وہ طلبہ کے درخشاں مستقبل کیلئے اور بھی بہتر انداز سے خدمات انجام دیں۔

Jubilee Hills

جوبلی ہلزضمنی انتخاب کیلئے کل الیکشن کمیشن کی جانب سے نوٹیفکیشن جاری کیا جانے والا ہے۔کل سے اس مہینہ کی 21 تاریخ تک پرچہ نامزدگیاں قبول کی جائیں گی۔ شیخ پیٹ ایم آر او آفس میں قائم کردہ ریٹرننگ آفس میں نامزدگیاں قبول کی جائیں گی۔اس کے لئے انتظامات مکمل کر لئے گئے ہیں۔اس مہینہ کی 22 تاریخ کو پرچہ نامزدگیوں کی جانچ پڑتال کی جائے گی۔ 24 تاریخ تک نامزدگیاں واپس لینے کا موقع فراہم رہے گا۔ 11 نومبر کو جوبلی ہلز حلقہ کا ضمنی انتخاب ہوگا اور 14 نومبر کو نتائج جاری کر دئے جائیں گے۔

Railway

ریلوے نے دیپاولی تہوار کے پیش نظر ریلوے مسافرین کی جانب سے آتش بازی کا سامان لے جانے پر پابندی عائد کی ہے۔ریلوے نے انتباہ دیتے ہوئے کہا کہ اس کے ذریعہ آتش زدگی اور عوامی جان کا خطرہ لاحق ہے۔قواعد کی خلاف ورزی ریلوے قانون کے تحت جرمانہ ادا کرنے کے ساتھ ساتھ تین سال جیل کی سزا بھی ہوسکتی ہے۔

OO